تنظیم جعفری حیدرآباد کے زیر اہتمام ہفتہ وحدت پروگرام کا انعقاد

طلبہ و طالبات کو ستائشی اسناد اور اعزازات سے نوازا گیا

حیدرآباد۔/29اگست (سفیر نیوز/ صدائے حسینی) حجۃ الاسلام مولانا سید تقی رضا عابدی صاحب قبلہ کی زیرِ نگرانی تنظیمِ جعفری حیدرآباد کے زیرِ اہتمام دفتر مجلسِ علمائے ہند نورخان بازار حیدرآباد میں ہفتہ وحدت پروگرام کا شاندار انعقاد عمل میں آیا۔ پروگرام میں علمائے کرام، دینی وسماجی شخصیات اور معززینِ شہر جناب سید جعفر حسین ایڈیٹر روزنامہ صدائے حسینی اور قاری منیر احمد صاحب نے شرکت کی اس موقع پر تحریک مسلم شبان کے صدر جناب مشتاق ملک اور مولانا آغا منور علی صاحب سمیت دیگر معزز شخصیات نے خطاب کرتے ہوئے مسلمانوں کے درمیان اتحاد واتفاق، باہمی اخوت و بھائی چارگی، محبت اور یکجہتی کے فروغ پر زور دیا۔ مقررین نے کہا کہ موجودہ حالات میں امتِ مسلمہ کے درمیان اتحاد واتفاق وقت کی اہم ضرورت ہے۔ باہمی اختلافات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے مسلمانوں کو محبت، رواداری اور بھائی چارے کیساتھ متحد ہوکر معاشرے کی تعمیر وترقی میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ اس موقع پر دسویں جماعت میں امتیازی کامیابی حاصل کرنے والے طلبہ وطالبات بشمول سیدہ معصومہ فاطمہ دختر جناب سید جعفر حسین، محمد عین الحسن فرزند جناب محمد بدر الحسن اور دیگر کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے انہیں ستائشی اسناد اور اعزازات سے نوازا گیا۔ اس اقدام کا مقصد طلبہ وطالبات کی تعلیمی صلاحیتوں کی پذیرائی اور انہیں مزید کامیابیوں کیلئے حوصلہ افزائی کرنا تھا۔ پروگرام کی کارروائی جناب میر نقی علی موسوی جنرل سکریٹری تنظیم جعفری نے چلائی۔ پروگرام میں بڑی تعداد میں علمائے کرام، دینی وسماجی شخصیات، طلبہ و طالبات اور معززین نے شرکت کی، ہفتہ وحدت کے پیغام کو عام کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔

تلنگانہ میں ٹیچرس کیلئے TET 2026 امتحانات کا شیڈول جاری

حیدرآباد۔29/ اگست (سفیر نیوز/ صدائے حسینی) تلنگانہ میں ان سروس ٹیچرس کے لیے منعقد کیے جانے والے TET 2026امتحانات کا شیڈول محکمہ تعلیمات نے جاری کردیا ہے۔محکمہ تعلیمات نے بتایا کہ 8اور 9 ستمبر کو تین شفٹوں میں TET امتحانات منعقد کیے جائیں گے۔امتحانات صبح 9 بجے سے 11:30 بجے تک اور دوپہر 2 بجے سے شام 4:30 بجے تک منعقد ہوں گے۔ 8 ستمبر کو تلگو اور انگریزی میڈیم میں پیپر 1-اور پیپر 2-کے امتحانات ہوں گے جبکہ 9 ستمبر کو دیگر میڈیمس کے پیپر 2-کے امتحانات منعقد کیے جائیں گے۔مجموعی طور پر 24,983امیدواران سروس ٹیچرس TET امتحانات میں شرکت کریں گے۔مزید مکمل معلومات کیلئے امیدواروں کو تلنگانہ محکمہ تعلیمات کی ویب سائیٹ دیکھنی ہوگی۔

سونے کی قیمت میں کمی 10 گرام 24 کیرٹ سونا 2,890روپے سستا

حیدرآباد۔29/ اگست (سفیر نیوز/ صدائے حسینی) حیدرآباد اور وجئے واڑہ میں ہفتہ کو سونے کی قیمتوں میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی۔سونے کی قیمت میں ایک ہی دن میں تقریباً تین ہزار روپے کی کمی سے خریداروں کو بڑی راحت ملی ہے۔گڈ ریٹرنز ویب سائٹ کے مطابق ہفتہ کی صبح 10 بجے حیدرآباد اور وجئے واڑہ میں 24 کیرٹ کے 10 گرام سونے کی قیمت 1,58,240 رہی۔ گزشتہ روز کے مقابلے میں اس قیمت میں 2,890 کی کمی ہوئی ہے۔اسی طرح 22 کیرٹ کے 10 گرام زیورات کے سونے کی قیمت 1,45,050 ریکارڈ کی گئی، جو گزشتہ روز کے مقابلے میں 2650 ہے۔ سونے کی قیمتوں میں اس اچانک گراوٹ کے بعد زیورات خریدنے والے صارفین کی دلچسپی بڑھنے کا امکان ہے۔تاہم، زیورات کی حتمی قیمت میں میکنگ چارجز، جی ایس ٹی اور دیگر اخراجات شامل ہونے کی وجہ سے دکانوں پر قیمتیں مختلف ہوسکتی ہیں۔

حیدرآباد میں اب رات بھر چلیں گی سٹی بسیں

حیدرآباد۔29/ اگست (سفیر نیوز/ صدائے حسینی) شہریوں کو مزید بہتر سفری سہولیات فراہم کرنے کے لیے ٹی جی آر ٹی سی کی جانب سے تیاریاں کی جارہی ہیں۔ اب تک شہر میں آر ٹی سی بسیں رات 11 یا 12 بجے تک چلتی تھیں تاہم آر ٹی سی انتظامیہ نے فیصلہ کیا ہے کہ اب سٹی بسیں رات بھر چلائی جائیں گی۔ یہ بسیں رات 10 بجے سے صبح 5 بجے تک بسیں چلائی جائیں گی۔ اس فیصلہ پر یکم ستمبر سے عمل آوری ہوگی۔اس سلسلے میں آر ٹی سی نے ان روٹس کا شیڈول بھی جاری کردیا ہے جہاں سے رات کے اوقات میں سٹی بس سروس دستیاب ہوگی۔ابتدائی طور پر پائلٹ پروجیکٹ کے تحت چھ روٹس پر بس سروس شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔سکندرآباد۔کونڈاپور، باچوپلی ۔ویو راک، سکندرآباد۔ حیات نگر،کوٹھی ۔ پٹن چیرو، کوٹھی ۔ہائی ٹیک سٹی، سکندرآباد۔پٹن چیرو۔ رات کے اوقات میں اپنی منزل تک پہنچنے میں مشکلات کا سامنا کرنے والے مسافروں کو اب بڑی راحت ملنے کی امید ہے۔اگر یہ پائلٹ پروجیکٹ کامیاب رہا تو آر ٹی سی انتظامیہ کا منصوبہ ہے کہ حیدرآباد کے پورے شہر میں رات کے اوقات میں بھی سٹی بس سروس شروع کی جائے۔

چھوٹی آبپاشی کے شعبہ پر زرعی وکسان بہبود کمیشن کی رپورٹ وزیراعلی کو پیش

حیدرآباد۔/29اگست) سفیر نیوز/صدائے حسینی (زرعی وکسان بہبود کمیشن نے وزیراعلی اے ریونت ریڈی سے ملاقات کرتے ہوئے ریاست میں چھوٹی آبپاشی کے نظام سے متعلق ایک تفصیلی رپورٹ پیش کی۔اس موقع پر کسان بہبود کمیشن کے چیئرمین کودنڈا ریڈی، ارکان رامولو نائک، رام ریڈی گوپال ریڈی، گنگادھر اور ایم۔ بھوانی ریڈی موجود تھے۔کمیشن نے اپنی رپورٹ میں حکومت کو چھوٹی آبپاشی کے شعبہ سے متعلق کئی اہم تجاویز پیش کیں۔کمیشن نے کہا کہ پانی کے استعمال کی کارکردگی میں اضافہ کرنے والی جدید ٹیکنالوجی سے لیس ایک خصوصی چھوٹی آبپاشی نظام کو دوبارہ قائم کیا جائے۔رپورٹ میں چھوٹے اور بڑے آبپاشی وسائل کو مربوط کرنے کے لیے کمانڈ ایریا پر مبنی انتظامی نظام قائم کرنے کی تجویز بھی پیش کی گئی۔اس کے علاوہ تالابوں اور آبی ذخائر کے تحفظ کے لیے خصوصی چھوٹی آبپاشی قانون مرتب کرنے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔کمیشن نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ تالابوں کی فل ٹینک لیول (FTL) حدود کی فوری نشاندہی کرتے ہوئے غیر مجاز قبضوں کو ہٹایا جائے اور آبی ذخائر کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔کمیشن نے کہا کہ تلنگانہ میں آبی تحفظ، زرعی استحکام اور دیہی روزگار و معاشی ذرائع کی ترقی کے لیے تالابوں کی بحالی انتہائی ضروری ہے۔اس موقع پر وزیراعلی ریونت ریڈی نے فصلوں کی تبدیلی، باغبانی کی فصلوں کی کاشت میں اضافہ اور فارمر پروڈیوسر آرگنائزیشنز (FPOs) کے قیام جیسے امور پر بھی کمیشن کو خصوصی توجہ دینے کی ہدایت دی۔کمیشن کے وفد نے گزشتہ دو سال کے دوران کسان کمیشن کی جانب سے انجام دی گئی سرگرمیوں اور حکومت کو پیش کی گئی مختلف تجاویز سے وزیراعلی کو واقف کروایا۔وزیراعلی نے کمیشن کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا۔

رائے درگ میں ایک ایکڑ زمین کی ریکارڈ قیمت، 269 کروڑ روپے میں نیلامی

حیدرآباد۔29/اگست (سفیر نیوز/صدائے حسینی) حیدرآباد کے رائے درگ میں ایک ایکڑ زمین نے ریکارڈ قیمت حاصل کی ہے۔ تلنگانہ انڈسٹریل انفراسٹرکچر کارپوریشن کی جانب سے منعقدہ زمینوں کی نیلامی میں پی 2 پلاٹ کے لئے فی ایکڑ 269 کروڑ روپے کی بولی لگی۔ 5.38 ایکڑ پر مشتمل پی 2 پلاٹ کی نیلامی سے حکومت کو 1,447.22 کروڑ روپے کی آمدنی ہوئی۔ کے کارپوریشن کے وائس چیئرمین و منیجنگ ڈائریکٹر ششانک نے بتایا کہ یہ قیمت مقررہ ریزرو قیمت سے 52.3 فیصد زیادہ ہے۔انہوں نے بتایا کہ پی 1 پلاٹ کی نیلامی میں فی ایکڑ 264 کروڑ روپے کی قیمت حاصل ہوئی، جس سے حکومت کو مجموعی طور پر 1,386 کروڑ روپے کی آمدنی ہوئی۔ نیلامی کی مجموعی مالیت کا 25 فیصد بطور ابتدائی ادائیگی حکومت کو پہلے ہی موصول ہوچکا ہے۔پی 1 اور پی 2 پلاٹس کو ملا کر مجموعی طور پر 10.63 ایکڑ زمین کی نیلامی کی گئی، جس سے حکومت کو 2,883.22 کروڑ روپے کی آمدنی حاصل ہوئی۔ششانک نے کہا کہ صرف ایک ہفتے کے اندر منعقد ہونے والی دونوں نیلامیوں میں فی ایکڑ 260 کروڑ روپے سے زیادہ قیمت ملنا رائے درگم علاقے میں سرمایہ کاروں کی بڑھتی دلچسپی کو ظاہر کرتا ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ قیمتیں اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ حکمت عملی کے اعتبار سے اہم مقامات پر واقع زمینوں کی طلب کتنی زیادہ ہے۔

نقلی ڈاکٹرس کیخلاف حیدرآباد پولیس کا اعلان جنگ شہریوں سے بھی اطلاع دینے کمشنر پولیس کی اپیل

حیدرآباد۔29/اگست (سفیر نیوز/صدائے حسینی) پولیس کمشنر حیدرآباد وی سی سجنار نے عوام کو خبردار کیا ہے کہ علاج کے نام پر معصوم لوگوں کی زندگیوں سے کھلواڑ کرنے والے نقلی ڈاکٹروں سے انتہائی محتاط رہیں۔انہوں نے ایکس) سابقہ ٹوئٹر (پر بتایا کہ عوامی صحت کے تحفظ کے مقصد سے ملاوٹ شدہ غذائی اشیا کے خلاف سخت کارروائی کرنے کے ساتھ ساتھ اب سٹی پولیس کی جانب سے نقلی ڈاکٹرس پر بھی خصوصی نظر رکھی جارہی ہے۔اس کارروائی کے دوران 12 نقلی ڈاکٹرس کی شناخت کی گئی اور ان کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی کی گئی ہے۔کمشنر پولیس نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان افراد کے پاس نہ مناسب طبی اہلیت ہے اور نہ ہی بنیادی طبی معلومات لیکن وہ خود کو حقیقی ڈاکٹرس کے طور پر ظاہر کرتے ہیں۔ یہ لوگ اینٹی بایوٹکس، اسٹیرائڈس، بلڈ پریشر اور شوگر کی ادویات کے علاوہ من مانے طریقے سے انجکشن اور سیلائن بھی لگاتے ہیں۔ان کے غیر ذمہ دارانہ علاج کی وجہ سے عوام کے پھیپھڑوں، قلب اور گردوں کو شدید نقصان پہنچ رہا ہے۔نقلی ڈاکٹرس سے بچنے کے لیے کمشنر نے عوام کو مشورہ دیا کہ کلینک یا ہاسپٹل جاتے وقت چند اہم احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔ہاسپٹل میں ڈسٹرکٹ میڈیکل اینڈ ہیلتھ آفیسر (کی جانب سے جاری کردہ سرکاری رجسٹریشن سرٹیفکیٹ ضرور چیک کریں۔اسی طرح ڈاکٹروں کے بورڈ پر ٹی ایس ایم سی کی جانب سے دیا گیا رجسٹریشن نمبر موجود ہے یا نہیں یہ بھی لازمی طور پر دیکھیں۔اگر کسی ڈاکٹر کی اہلیت پر ذرا بھی شک ہو تو سرکاری ویب سائٹ onlinetsmc.in پر اس کی تفصیلات کی تصدیق کریں۔ پولیس کمشنر سجنار نے عوام سے اپیل کی کہ اگر کسی نقلی ڈاکٹر کے بارے میں معلومات ملیں تو فوراً 112 پر کال کریں یا قریبی پولیس اسٹیشن کو اطلاع دیں تاکہ قیمتی انسانی جانوں کا تحفظ کیا جاسکے۔

چیف منسٹر ریونت ریڈی کا الیکشن کمیشن کو مکتوب

ایس آئی آر دعووں اور اعتراضات قبول کرنے کی مدت میں توسیع کی جائے

حیدرآباد۔29/اگست (سفیر نیوز/صدائے حسینی) تلنگانہ میں جاری ووٹر لسٹ کی خصوصی جامع نظر ثانی کے تحت دعووں اور اعتراضات داخل کرنے کی مقررہ مدت جلد ختم ہونے والی ہے۔اس مدت میں مزید توسیع کا مطالبہ کرتے ہوئے تلنگانہ کے چیف منسٹر ریونت ریڈی نے مرکزی الیکشن کمشنر گیانیش کمار کو خط لکھا ہے۔چیف منسٹر نے مطالبہ کیا کہ دعووں اور اعتراضات وصول کرنے کی مدت میں مزید چار ہفتوں کی توسیع کی جائے۔موجودہ شیڈول کے مطابق یہ مدت 16 ستمبر کو ختم ہونے والی ہے۔انہوں نے کہا کہ عوام اور سیاسی جماعتوں کو مزید وقت فراہم کرنے کے لیے اس مدت میں توسیع ضروری ہے۔اپنے خط میں ریونت ریڈی نے بتایا کہ 73.39 لاکھ اندراجات ASDD زمرے میں ہیں۔انہوں نے خدشہ ظاہر کیا کہ عارضی طور پر دوسری جگہ منتقل ہونے والے افراد کو بھی مستقل طور پر منتقل شدہ افراد سمجھا جاسکتا ہے۔چیف منسٹر نے الیکشن کمیشن سے مطالبہ کیا کہ ووٹرس کو نئے پتے کے ساتھ دوبارہ رجسٹریشن کرانے میں مدد فراہم کی جائے۔اس کے علاوہ نوٹسیس کا جواب دینے کے لیے ووٹرس کو مناسب وقت دیا جائے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ اہل ووٹرز کے نام ووٹر لسٹ سے حذف نہ ہوں۔انہوں نے ERO سطح پر عملے کی تعداد میں مزید اضافہ کرنے کی بھی درخواست کی۔ریونت ریڈی نے خط میں کہا کہ ریاست میں مستقبل قریب میں کوئی انتخابات نہیں ہیں اس لیے ووٹر لسٹ کی نظر ثانی کے عمل کو زیادہ جامع اور درست طریقے سے مکمل کرنے کے لیے یہ اضافی وقت انتہائی مفید ثابت ہوگا۔چیف منسٹر نے واضح کیا کہ مرکزی الیکشن کمیشن کی جانب سے شروع کیے گئے ایس آئی آر پروگرام میں تلنگانہ حکومت ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی۔

سی پی ایس کی فوری منسوخی کا مطالبہ، یکم ستمبر کو حیدرآباد کلکٹریٹ پر احتجاج

حیدرآباد۔ 29اگست (سفیر نیوز) ملازمین کے دیرینہ مسئلہ کنٹریبیوٹری پنشن اسکیم (CPS) کو فوری طور پر منسوخ کرنے کے مطالبہ پر تلنگانہ ایمپلائز جوائنٹ ایکشن کمیٹی (TGEJAC) حیدرآباد ضلع کی جانب سے یکم ستمبر 2026 کو حیدرآباد ضلع کلکٹریٹ کے احاطہ میں لنچ آور احتجاجی مظاہرہ منعقد کرنے کا اعلان کیا گیا ہے۔اس احتجاجی پروگرام کے سلسلہ میں ضلع انتظامیہ کو باضابطہ طور پر اطلاع دینے کیلئے آج TGEJAC حیدرآباد ضلع کے چیئرمین جناب ایس۔وکرم کمار اور کنوینر ایم بی کرشنا یادو کی قیادت میں تنظیم کے قائدین نے حیدرآباد ضلع کلکٹر وضلع مجسٹریٹ سے ملاقات کی اور انہیں یادداشت پیش کی۔

چار مینار بس اسٹینڈ کے قریب آگ لگ گئی

حیدرآباد۔29اگست (سفیر نیوز) ہفتہ 29اگست کی رات تقریباً 2 بجے حیدرآباد کے چار مینار بس اسٹینڈ کے قریب آگ لگنے کا واقعہ پیش آیا۔ بتایا گیا ہے کہ بس اسٹینڈ کے قریب موجود کچرے میں آگ لگنے کے بعد یہ واقعہ پیش آیا۔سوشل میڈیا پر شیئر کی گئی ویڈیوز میں کچرے سے آگ کے شعلے بلند ہوتے ہوئے دکھائی دیے جبکہ فائر فائٹرس آگ پر قابو پانے کی کوشش کرتے نظر آئے۔واقعے کے بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے مجلس اتحاد المسلمین کے حلقہ چار مینار کے رکن اسمبلی جناب میر ذوالفقار علی نے کہا کہ بس اسٹینڈ کے قریب کچرا ڈالنے کی وجہ سے آگ لگنے کا واقعہ پیش آیا۔انہوں نے بتایا کہ لوگوں کو وہاں گاڑیاں پارک نہ کرنے کی ہدایت کی گئی تھی اس کے باوجود گاڑیاں کھڑی کی جارہی تھیں۔میر ذوالفقار علی نے کہا کہ وہ جی ایچ ایم سی حکام سے بات کریں گے۔

کوشک ریڈی کے معاملے پر ایتھکس کمیٹی کا اجلاس

حیدرآباد۔29/اگست (سفیر نیوز/صدائے حسینی) بی آر ایس کے ارکان اسمبلی ویمولا پرشانت ریڈی اور پدما راجو گوڑ ہفتہ کو تلنگانہ قانون ساز اسمبلی پہنچے، جہاں وہ بی آر ایس رکن اسمبلی پادی کوشک ریڈی سے متعلق ایتھکس کمیٹی کے اجلاس میں شرکت کریں گے۔اطلاعات کے مطابق دونوں ارکان اسمبلی کمیٹی کے سامنے پادی کوشک ریڈی کی جانب سے اپنے دلائل پیش کریں گے۔ایتھکس کمیٹی کا اجلاس کچھ ہی دیر میں شروع ہونے والا ہے اور اس میں کوشک ریڈی سے متعلق معاملے پر مختلف پہلوں کا جائزہ لیا

پارٹی لائن عبور کرنے والوں کے خلاف فوری کارروائی نہ کی تو کانگریس کو نقصان ہوگا

حیدرآباد۔29/اگست (سفیر نیوز/صدائے حسینی) تلنگانہ قانون ساز کونسل کے چیئرمین گتہ سکھندر ریڈی نے کانگریس پارٹی کی تنظیمی صورتحال اور حکومت کی کارکردگی پر اہم تبصرے کرتے ہوئے کہا ہے کہ پارٹی کی حدود اور نظم وضبط کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف فوری کارروائی ضروری ہے، بصورت دیگر کانگریس کو سیاسی نقصان اٹھانا پڑ سکتا ہے۔ایک غیر رسمی گفتگو کے دوران گتہ سکھندر ریڈی نے کہا کہ کانگریس میں نظم وضبط کو اولین ترجیح دی جانی چاہیے۔انہوں نے پارٹی میں جاری گروپ بندی اور اندرونی اختلافات کو کم کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ پارٹی کو مضبوط بنانے کے لیے اندرونی اختلافات ختم کرنا اور تمام قائدین وکارکنوں کے درمیان بہتر تال میل پیدا کرنا ضروری ہے۔ان کے مطابق پارٹی میں نظم وضبط برقرار رہے گا تو تنظیم مزید مضبوط ہوگی۔گتہ سکھندر ریڈی نے کابینہ اور حکومت میں تبدیلیوں کی بھی ضرورت پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ حکومت اور پارٹی کے کام کرنے کے طریقہ کار میں ضروری تبدیلیاں لانے سے عوام اور پارٹی کارکنوں کے درمیان اعتماد مزید مضبوط کیا جاسکتا ہے۔انہوں نے عوامی فلاح و بہبود سے متعلق بھی کئی تجاویز پیش کیں۔گتہ نے کہا کہ پنشن کی رقم بڑھا کر 4ہزار روپے کی جانی چاہیے اور کسانوں کے لیے ریتّو بھروسہ (Rythu Bharosa) اسکیم کو جاری رکھا جانا چاہیے۔انہوں نے 22A کو منسوخ کرنے کا مطالبہ بھی کیا اور کہا کہ حکومت کو مفت اسکیموں پر اخراجات کو کم کرنے کی ضرورت ہے۔اس کے ساتھ انہوں نے تلنگانہ ریاستی تحریک میں حصہ لینے والے کارکنوں کے ساتھ انصاف کرنے پر بھی زور دیا۔گتہ سکھندر ریڈی نے پارٹی کے زمینی سطح کے کارکنوں میں پائی جانے والی ناراضگی کا بھی ذکر کیا۔انہوں نے کہا کہ کیڈر کی بے اطمینانی کو متوازن کرنے اور ان کے مسائل حل کرنے کے لیے پارٹی قیادت کو مثر اقدامات کرنے چاہئیں۔انہوں نے کہا کہ اگر کانگریس ان تمام معاملات پر توجہ دے، پارٹی میں نظم وضبط قائم کرے، گروپ بندی کم کرے اور کارکنوں کے اعتماد کو بحال کرے تو پارٹی مستقبل میں دوبارہ اقتدار میں آسکتی ہے۔گتہ سکھندر ریڈی کے ان تبصروں کے بعد تلنگانہ کے سیاسی حلقوں میں بحث شروع ہوگئی ہے

پارٹی سے اخراج کے بعد مرزا رحمت بیگ کا ردعمل

حیدرآباد۔29/ اگست (سفیر نیوز/صدائے حسینی) مجلس اتحاد المسلمین سے خارج کرنے کے بعد مرزا رحمت بیگ نے ردعمل ظاہر کیا ہے۔انھوں نے ایک ویڈیو سوشل میڈیا پر پوسٹ کیا جس میں انھوں نے بتایا کہ وہ اس وقت عمرہ کیلئے ارکان خاندان کے ساتھ مکہ مکرمہ میں ہیں اور دس دن تک ان کا قیام ہے۔اسی دوران حیدرآباد میں میرے دوستوں نے مجھے فون کرکے بتایا کہ سوشل میڈیا پر کچھ فحش ویڈیوز شیئر کی جارہی ہیں۔ یہ غلط ہے کچھ لوگ میرے خلاف سازش کررہے ہیں۔میں نے کچھ بھی غلط نہیں کیا۔یہ ویڈیوز مصنوعی ذہانت (AI) کے ذریعے بنائی گئی ہیں۔بیگ نے الزام عائد کیا کہ ان ویڈیوز کو انہیں اور ان کی پارٹی کو بدنام کرنے کے مقصد سے جاری کیا گیا ہے۔انہوں نے کہا میں ان ویڈیوز کے خلاف سائبر کرائم پولیس اور گولکنڈہ پولیس میں پہلے ہی شکایت درج کراچکا ہوں، اور معاملہ زیرِ تفتیش ہے۔

بی جے پی کا رحمت بیگ کیخلاف جنسی زیادتی کے الزامات کی تحقیقات کا مطالبہ

حیدرآباد۔29اگست (سفیر نیوز) آل انڈیا مجلسِ اتحادِ المسلمین کے ایم ایل سی مرزا رحمت بیگ کو آدھی رات کے وقت بغیر کسی وضاحت کے پارٹی سے نکالے جانے کے بعد، تلنگانہ بی جے پی کے صدر این رام چندر رانے الزام عائد کیا کہ بیگ ایک نابالغ بچی کے ساتھ جنسی زیادتی کے معاملے میں ملوث تھے، اور انہوں نے اس معاملے پر سیاسی جماعتوں کی خاموشی پر کڑی تنقید کی۔میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رانے کہا، "مجلس پارٹی کے ایم ایل سی کو ایک نابالغ بچی کے ساتھ جنسی زیادتی کرتے ہوئے پکڑا گیا تھا۔یہ معاملہ پہلے ہی سامنے آنا چاہیے تھا، لیکن پارٹی نے اب جاکر کارروائی کی ہے۔انہوں نے کانگریس اور بھارت راشٹرا سمیتی (بی آر ایس) پر بھی الزام عائد کیا کہ انہوں نے رحمت بیگ کو ایم ایل سی کا عہدہ جیتنے میں مدد فراہم کی تھی، اور مطالبہ کیا کہ وہ اب سامنے آئیں اور اس معاملے پر بات کریں۔رانے الزام لگایا کہ "اگر ماضی میں بھی ایسے کوئی واقعات پیش آئے ہیں تو ان کی تحقیقات ہونی چاہئیں۔

صحت یابی پر ایڈووکیٹ سید مونس جعفر عابدی کو مبارکباد

حیدرآباد۔29/اگست (راست) صدر انجمن خادمِ عزا و سماجی خدمت گزار جناب مرزا صفدر علی ابرار نے ہائی کورٹ کے معروف ایڈووکیٹ جناب سید مونس جعفر عابدی صاحب کے دفتر پہنچ کر ان سے ملاقات کی اور ان کی صحت یابی پر مبارکباد پیش کی۔اس موقع پر جناب مرزا صفدر علی ابرار نے انہیں گلدستہ پیش کیا۔ ملاقات کے دوران ملی و سماجی امور سمیت مختلف اہم موضوعات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔دونوں شخصیات نے سماجی خدمت اور ملی مفادات کے لیے باہمی تعاون کو مزید فروغ دینے کی ضرورت پر بھی گفتگو کی۔



In the name of Allah the most Beneficent the most Merciful
MAN MATA ALA HUBBE AALE MOHAMMAD FAQAD MATA SHAHEEDA
MAJLIS E AZA SARKAR E SYED USH SHOHADA
IMAM E HUSSAIN (a.s.)
Ba Silsila e Saata
Bara e Isale Sawab
Late Syed Ali Mohammed (Aijaz)
Ibne Late Syed Mohammed Naqi
Date: 30th August, 2026 (16th Rabbi ul Awwal 1448 H.)
Time : 1-30 pm.
at : Hussainia Nawab Inayath Jung, Bahadur, Mandi Mir Alam Road, Hyd.
Mubayyan e Majlis
Hujjat ul Islam Moulana
SYED LUQMAN HUSSAIN MOOSAVI
(Imam e Jama'at Masjid e Noor ul Umra, Fazil e Qum Iran)
Momineen O Mominaat se Adaban Maruza hai ke Shirkat Farmakar Mamnoon Farmayein
Mutamanni e Shirkat
KHANWADA E MARHOOM
Note : Please be on Time



ایڈیٹر، پرنٹر، پبلشر و مالک سید جعفر حسین نے روزنامہ 'صدائے حسینی' کو سری شیشائی انٹر پرائزیز، پلاٹ نمبر 19، آئی ڈی اے بالانگر، آر آر ڈسٹرکٹ، تلنگانہ 500037 (انڈیا) سے چھپوا کر 18-7-306/146، امان نگر (اے) سے شائع کیا۔ رجسٹرڈ نمبر: RNI No.APURD/2009/30780، پوسٹل رجسٹریشن نمبر HSE/910/213/215۔